بِسمِ اللَّهِ الرَّحمٰنِ الرَّحيمِ
قُل هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ﴿١﴾
اللَّهُ الصَّمَدُ ﴿٢﴾
لَم يَلِد وَلَم يولَد ﴿٣﴾
وَلَم يَكُن لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ﴿٤﴾

Al-Ikhlas

به نام خداوند رحمتگر مهربان
بگو: «اوست خدای یگانه، (1)
خدای صمد [ثابت - متعالی]، (2)
[کسی را] نزاده، و زاده نشده است، (3)
و هیچ کس او را همتا نیست.» (4)

Persian

شروع الله کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
کہہ دووہ الله ایک ہے (1)
الله بے نیاز ہے (2)
نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے (3)
اور اس کے برابر کا کوئی نہیں ہے (4)

ahmedali

شروع الله کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) الله (ہے) ایک ہے (1)
معبود برحق جو بےنیاز ہے (2)
نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا (3)
اور کوئی اس کا ہمسر نہیں (4)

jalandhry

عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے
اے رسول کہہ دیجئے کہ وہ الله ایک ہے (1)
الله برحق اور بے نیاز ہے (2)
اس کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ والد (3)
اور نہ اس کا کوئی کفو اور ہمسر ہے (4)

jawadi

شروع کرتا ہوں الله تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
آپ کہہ دیجئے کہ وہ الله تعالیٰ ایک (ہی) ہے (1)
الله تعالیٰ بے نیاز ہے (2)
نہ اس سے کوئی پیدا ہوا نہ وہ کسی سے پیدا ہوا (3)
اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے (4)

junagarhi

الله کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا
تم فرماؤ وہ الله ہے وہ ایک ہے (1)
الله بے نیاز ہے (2)
نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا (3)
اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (4)

kanzuliman

الله کے نام سے جو رحمان و رحیم ہے
کہو، وہ الله ہے، یکتا (1)
الله سب سے بے نیاز ہے اور سب اس کے محتاج ہیں (2)
نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد (3)
اور کوئی اس کا ہمسر نہیں ہے (4)

maududi

(شروع کرتا ہوں) الله کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔
(اے رسول(ص)) آپ(ص) کہہ دیجئے! کہ وہ (الله) ایک ہے۔ (1)
الله (ساری کائنات سے) بےنیاز ہے۔ (2)
نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ (3)
اور اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔ (4)

najafi

الله کے نام سےشروع جو نہایت مہربان ہمیشہ رحم فرمانےوالا ہے
(اے نبئ مکرّم!) آپ فرما دیجئے: وہ االله ہے جو یکتا ہے، (1)
االله سب سے بے نیاز، سب کی پناہ اور سب پر فائق ہے، (2)
نہ اس سے کوئی پیدا ہوا ہے اور نہ ہی وہ پیدا کیا گیا ہے، (3)
اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے، (4)

qadri

\quransurahur*

ahmedali شروع الله کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے کہہ دووہ الله ایک ہے (1) الله بے نیاز ہے (2) نہ اس کی کوئی
اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے (3) اور اس کے برابر کا کوئی نہیں ہے (4)

jalandhry شروع الله کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) الله (ہے) ایک ہے (1)
معبود برحق جو بےنیاز ہے (2) نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا (3) اور کوئی اس کا ہمسر نہیں (4)

jawadi عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے اے رسول کہہ دیجئے کہ وہ الله ایک ہے (1) الله برحق اور بے نیاز ہے (2)
اس کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ والد (3) اور نہ اس کا کوئی کفو اور ہمسر ہے (4)

junagarhi شروع کرتا ہوں الله تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے آپ کہہ دیجئے کہ وہ الله تعالیٰ ایک (ہی) ہے (1)
الله تعالیٰ بے نیاز ہے (2) نہ اس سے کوئی پیدا ہوا نہ وہ کسی سے پیدا ہوا (3) اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے (4)

kanzuliman الله کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا تم فرماؤ وہ الله ہے وہ ایک ہے (1) الله بے نیاز ہے (2) نہ اس کی کوئی
اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا (3) اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (4)

maududi اللہ کے نام سے جو رحمان و رحیم ہے کہو، وہ اللہ ہے، یکتا (1) اللہ سب سے بے نیاز ہے اور سب اس کے محتاج ہیں (2) نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد (3) اور کوئی اس کا ہمسر نہیں ہے (4)

najafi (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ (اے رسول(ص)) آپ(ص) کہہ دیجئے! کہ وہ (اللہ) ایک ہے۔ (1) اللہ (ساری کائنات سے) بےنیاز ہے۔ (2) نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ (3) اور اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔ (4)

qadri اللہ کے نام سےشروع جو نہایت مہربان ہمیشہ رحم فرمانےوالا ہے (اے نبئِ مکرّم!) آپ فرما دیجئے: وہ اﷲ ہے جو یکتا ہے، (1) اﷲ سب سے بے نیاز، سب کی پناہ اور سب پر فائق ہے، (2) نہ اس سے کوئی پیدا ہوا ہے اور نہ ہی وہ پیدا کیا گیا ہے، (3) اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے، (4)

\quranayahur[1][1]

ahmedali شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے (1)

jalandhry شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے (1)

jawadi عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے (1)

junagarhi شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے (1)

kanzuliman اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا (1)

maududi اللہ کے نام سے جو رحمان و رحیم ہے (1)

najafi شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ (1)

qadri اللہ کے نام سےشروع جو نہایت مہربان ہمیشہ رحم فرمانےوالا ہے (1)

\quranpageur*[2]

ahmedali الٓمٓ (1) یہ وہ کتاب ہے جس میں کوئی بھی شک نہیں پرہیز گارو ں کے لیے ہدایت ہے (2) جو بن دیکھے ایمان لاتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں ا ور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس میں خرچ کرتے ہیں (3) اور جو ایمان لاتے ہیں اس پر جو اتارا گیا آپ پراور جو آپ سے پہلے اتارا گیا اور آخرت پر بھی وہ یقین رکھتے ہیں (4) وھی لوگ اپنے رب کے راستہ پر ہیں اور وھی نجات پانے والے ہیں (5)

jalandhry الم (1) یہ کتاب (قرآن مجید) اس میں کچھ شک نہیں (کہ کلامِ خدا ہے۔ خدا سے) ڈرنے والوں کی رہنما ہے (2) جو غیب پر ایمان لاتے اور آداب کے ساتھ نماز پڑھتے اور جو کچھ ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں (3) اور جو کتاب (اے محمدﷺ) تم پر نازل ہوئی اور جو کتابیں تم سے پہلے (پیغمبروں پر) نازل ہوئیں سب پر ایمان لاتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں (4) یہی لوگ اپنے پروردگار (کی طرف) سے ہدایت پر ہیں اور یہی نجات پانے والے ہیں (5)

jawadi الۤمۤ (1) یہ وہ کتاب ہے جس میں کسی طرح کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے. یہ صاحبانِ تقویٰ اور پرہیزگار لوگوں کے لئے مجسم ہدایت ہے (2) جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں پابندی سے پورے اہتمام کے ساتھ نماز ادا کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے رزق دیا ہے اس میں سے ہماری راہ میں خرچ بھی کرتے ہیں (3) وہ ان تمام باتوں پر بھی ایمان رکھتے ہیں جنہیں (اے رسول) ہم نے آپ پر نازل کیا ہے اور جو آپ سے پہلے نازل کی گئی ہیں اور آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں (4) یہی وہ لوگ ہیں جو اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت کے حامل ہیں اور فلاح یافتہ اور کامیاب ہیں (5)

junagarhi الم (1) اس کتاب (کے اللہ کی کتاب ہونے) میں کوئی شک نہیں پرہیزگاروں کو راہ دکھانے والی ہے (2) جو لوگ غیب پر ایمان لاتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور ہمارے دیئے ہوئے (مال) میں سے خرچ کرتے ہیں (3) اور جو لوگ ایمان لاتے ہیں اس پر جو آپ کی طرف اتارا گیا اور جو آپ سے پہلے اتارا گیا، اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں (4) یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ فلاح اور نجات پانے والے ہیں (5)

kanzuliman الم (1) وہ بلند رتبہ کتاب (قرآن) کوئی شک کی جگہ نہیں، اس میں ہدایت ہے ڈر والوں کو (2) وہ جو بے دیکھے ایمان لائیں اور نماز قائم رکھیں اور ہماری دی ہوئی روزی میں سے ہماری میں اٹھائیں- (3) اور وہ کہ ایمان لائیں اس پر جو اے محبوب تمہاری طرف اترا اور جو تم سے پہلے اترا اور آخرت پر یقین رکھیں، (4) وھی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وھی مراد کو پہنچنے والے۔ (5)

maududi الف لام میم (1) یہ اللہ کی کتاب ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہدایت ہے اُن پرہیز گار لوگوں کے لیے (2) جو غیب پر ایمان لاتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں، جو رزق ہم نے اُن کو دیا ہے، اُس میں سے خرچ کرتے ہیں (3) جو کتاب تم پر نازل کی گئی ہے (یعنی قرآن) اور جو کتابیں تم سے پہلے نازل کی گئی تھیں ان سب پر ایمان لاتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں (4) ایسے لوگ اپنے رب کی طرف سے راہ راست پر ہیں اور وھی فلاح پانے والے ہیں (5)

najafi الف۔ لام۔ میم۔ (1) یہ (قرآن) وہ کتاب ہے جس (کے کلام اللہ ہونے) میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے۔ (یہ) ہدایت ہے

ان پرہیزگاروں کے لیے۔ (2) جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں اور پورے اہتمام سے نماز ادا کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے کچھ (میری راہ میں) خرچ کرتے ہیں۔ (3) اور جو ایمان رکھتے ہیں اس پر جو آپ پر نازل کیا گیا ہے اور اس پر بھی جو آپ سے پہلے (سابقہ انبیاء) پر نازل کیا گیا۔ اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ (4) یہی لوگ اپنے پروردگار کی ھدایت پر (قائم) ہیں اور یہی وہ ہیں جو (آخرت میں) فوز و فلاح پانے والے ہیں۔ (5)

qadri الف لام میم (حقیقی معنی االله اور رسول صلی الله علیه وآله وسلم ھی بہتر جانتے ہیں) (1) یہ) وہ عظیم کتاب ہے جس میں کسی شک کی گنجائش نہیں، (یہ) پرہیزگاروں کے لئے ھدایت ہے، (2) جو غیب پر ایمان لاتے اور نماز کو (تمام حقوق کے ساتھ) قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (ہماری راہ) میں خرچ کرتے ہیں، (3) اور وہ لوگ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا (سب) پر ایمان لاتے ہیں، اور وہ آخرت پر بھی (کامل) یقین رکھتے ہیں، (4) وھی اپنے رب کی طرف سے ھدایت پر ہیں اور وھی حقیقی کامیابی پانے والے ہیں، (5)